

Government of Karnataka

علمِ ریاضی

MATHEMATICS

3

برائے جماعت سوّم

Third STANDARD

(Part-I) حصّۂ اوّل

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

KARNATAKA TEXTBOOK SOCIETY(R.)
6th Cross, Malleshwaram.
Bengaluru- 560 003

PREFACE

The Textbook Society, Karanataka has been engaged in producing new textbooks according to the new syllabi prepared which in turn are designed based on NCF - 2005 since June 2010. Textbooks are prepared in 12 languages; seven of them serve as the media of instruction. From standard 1 to 4 there are the EVS, mathematics and from 5th to 10th there are three more core subjects namely mathematics, science and social science.

NCF - 2005 has a number of special features and they are:

- Connecting knowledge to life activities
- Learning to shift from rote methods
- Enriching the curriculum beyond textbooks
- Learning experiences for the construction of knowledge
- Making examinations flexible and integrating them withclassroom experiences
- Caring concerns within the democratic policy of the country
- Make education relevant to the present and future needs
- Softening the subject boundaries-integrated knowledge andthe joy of learning
- The child is the constructor of knowledge

The new books are produced based on three fundamental approaches namely Constructive Approach, Spiral Approach and Integrated Approach.

The learner is encouraged to think, engage in activities, to master skills and competencies. The materials presented in these books are integrated with values. The new books are not examination oriented in their nature. On the other hand they help the learner in the all round development of his/her personality, thus helping him/her become a healthy member of a healthy society and a productive citizen of this great country, India .

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Young learners in their initial stages of learning i.e., between the ages of 5 and 10, acquire most of the concepts which they need in consolidating learning in later stages. If this learning is properly planned and well executed in the classroom, children may find learning easy and enjoyable.

Based on these principles, in the early stages from class 1 to 5, the following subject areas have been introduced- Mother tongue, state language, English as a practice language, mathematics and environmental studies. Environmental studies include science and social science related to their daily life experiences, information about their environment, society, country, their duties and rights. These topics are presented through interesting situations and activities. Opportunities have been provided for self learning and creativity. At this stage importance is given to children sitting in pairs and groups and to exchange their experiences. The efforts have been made to make illustrations colourful, attractive and meaningful. Teachers are expected to make use of these and help children learn meaningfully and with pleasure. The textbooks aim at making learning interesting, enjoyable and satisfying.

The Textbook Society expresses grateful thanks to the chairpersons, writers, scrutinisers, artists, staff of DIETs and CTEs and the members of the Editorial Board and printers in helping the Text Book Society in producing these textbooks.

Prof. G.S. Mudambadithaya
Coordinator
Curriculum Revision and Textbook Preparation,
Karnataka Textbook Society (R),
Bengaluru Karnataka

Nagendra Kumar
Managing Director
Karnataka Textbook Society (R),
Bengaluru, Karnataka

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

About the book.....

A textbook is a very important learning material for students. We have prepared the third standard textbook based on NCF 2005 and KCF 2007. The Text is developed on the basis of National policy on education 1986 and NCF 2005. We have also kept before us the syllabus prepared by DSERT.

At the time of developing this textbook we have adopted best features from CBSC textbooks and the textbooks of other states. The significence of this textbook is to remove the fear that "Mathematics is difficult" from the minds of the learners by using all the possibilities of learning. This textbook helps them in self learning.

We have adopted the following factors for self learning purposes.

* Attractive multi-colour figures
* Simple language skills
* More numbers of activities
* Easy communicative language for rural students.
* Encourage Mathematics through Enterainment.
* Simple steps involved in solving problems

With the help of the textbook the teacher learns and teaches athematics meaningfully.

I thank officers of the department and all the teachers involved in the team of framing this textbook for they have rendered in the process.

K. Shammanna
Chairperson,
Text Book Committee.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Textbook Committee

Chair Person:

Shamanna, Head Master GHS Sarkki, JP nagar Bengaluru-78

Members :

Sathish Shettigar. Assistant Teacher GHPS yedadi Mathyadi post Kundapur Taluk. Udapi District.

Veena R. Assistant Teacher H.P.S Channasandra, Bengaluru south-2

Veeraiah. S.Heerematt, G.H.S Karee Katti Savadati Taluk, Belaga vi

Dharanesh. Assistant Teacher, G.H.S Sanyasi Kodamagge, Bhadravathi Shivamogga.

Gurunath. K. Talvar Lecturer. Bhasaveshwar, Teacher training college Institute Bagalakote.

Sunitha Pujari Art teacher GHS Magadi Palya, Koppa Post Kunigal Taluk. Tumkur u District.

Scrutinizer :

D.T.V Somashekar, Lecturer, Eduction department, RIE Manas Gangothri Mys uru.

Editorial Board :

1) **Dr.K.S. Sameerasimha**, Joint Secretary, BHS Higher Education Society, 4th block, Jayanagar, Bengaluru -11.
2) **Dr.S. Shivkumar,** Professor, R.V. Engineering College, Bengaluru.

Translators

1) **Haseena Begum** , Asst Teacher Balak UHPS, J.C Nagar Bengaluru - 6.
2) **Syeda Tabassum Khathoon**, TGT, GUMPGS D.J.Halli Bengaluru- 45.

Chief Co-ordinator:

Prof. G.S. Mudambadithaya, Text book Preparation and Curriculum revision and KTBS, Bengaluru.

Chief Advisors:

Sri Nagendra Kumar, Managing Director, KTBS, Bengaluru.

Smt. Nagamani. C, Deputy Director , KTBS, Bengaluru.

Programme Co-ordinator:

Smt. Vijaya M. Kulkarni, Asst, Director KTBS, Bengaluru.

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

About the Review of Textbooks

Honourable Chief Minister Sri Siddaramaiah who is also the Finance Minister of Karnataka, in his response to the public opinion about the New Textbooks from standard one to ten, announced, in his 2014-15 budget speech of constituting an expert-committee, to look into the matter. He also spoke of the basic expectations there in, which the Textbook experts should follow: " The Textbooks should aim at inculcating social equality, moral values, development of personality, scientific temper, critical acumen, secularism and the sense of national commitment", he said.

Later, for the production of the Textbooks from class one to tenth, the Department of Education constituted twenty seven committees and passed an order on 24-11-2014. The committees so constituted were subject and class-wise and were in accordance with the standards prescribed. Teachers who are experts in matters of subjects and syllabi were in the committees.

There were already many complaints, and analyses about the Textbooks. So, a freehand was given in the order dated 24-11-2014 to the responsible committees to examine and review text and even to prepare new text and review if necessary. Afterwards, a new order was passed on 19-9-2015 which also give freedom even to re-write the Textbooks if necessary. In the same order, it was said that the completely reviewed Textbooks could be put to force from 2017-18 instead of 2016-17.

Many self inspired individuals and institutions, listing out the wrong information and mistakes there in the text, had send them to the Education Minister and to the ' Textbook Society'. They were rectified. Before

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

rectification we had exchanged ideas by arranging debates. Discussions had taken place with Primary and Secondary Education ' Teacher Associations'. Questionnaires were administered among teachers to pool up opinions. Separate meeting were held with teachers, subject inspectors and DIET Principals. Analytical opinions had been collected. To the subject experts of science, social science, mathematics and languages, textbooks were sent in advance and later meeting were held for discussions. Women associations and science related organistation were also invited for discussions.

Thus, on the basis of all inputs received from various sources, the textbooks have been reviewed where ever necessary.

Another very important thing has to be shared here. We constituted three expert committees. They were constituted to make suggestions after making a critical study of the text of science, mathematics and social science subjects of central schools (N.C.E.R.T), along with state textbooks. Thus, the state text books have been enriched basing on the critical analysis and suggestions made by the experts. The state textbooks have been guarded not to go lower in standards than the textbooks of central school. Besides, these textbooks have been examined along side with the textbooks of Andhra, Kerala, Tamil Nadu and Maharashtra states.

Another clarification has to be given here. Whatever we have done in the committees is only review, it is not the total preparation of the textbooks. Therefore, the structure of already prepared textbooks have in no way been affected or distorted. They have only been reviewed in the background of gender equality, regional representation, national integrity, equality and social harmony. While doing so, the curriculum frames of both central and state have not been transgressed. Besides, the aspirations of the constitution

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

are incorporated carefully. Further, the reviews of the committees were once given to higher expert committees for examination and their opinions have been effected into the textbooks.

Finally, we express our grateful thanks to those who strived in all those 27 committees with complete dedication and also to those who served in higher committees. At the same time, we thank all the supervising officers of the 'Textbook Society' who sincerely worked hard in forming the committees and managed to see the task reach it's logical completion. We thank all the members of the staff who co-operated in this venture. Our thanks are also due to the subject experts and to the associations who gave valuable suggestions.

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

Sri M.P. Madegowda
Mangaing Director
Karnataka Textbook Society
Bengaluru.

Prof. Baraguru Ramachandrappa
Chairman-in-Chief
Textbook Review Committee
Bengaluru.

Text Books Review Committee

Chairman-in-chief.

Prof. Barguru Ramchandrappa,	State Review Committee, Karnataka textbooks Society®, Bengaluru.

Review Committee

Chairperson

Dr. Narasimhamurthy S.K.	Professor and Chairman, Department of Mathematics , Kuvempu University, Shankaraghatta-577 451. Shivamogga

Members

Dr. B . Chaluvaraju,	Professor, Department of Mathematics, Bengaluru University, Bengaluru.
Sri. B. K. VishwanathRao,	Rtd., Principal, No. 94, "Prashant", 30th Cross, BSK 2nd Stage, Bengaluru.
Sri Narasimha murthy G. N.,	'Beladingalu' No.23/1,5th cross, Hosalli, Bengaluru.
Sri Shankarmurthy M.V.	Rtd Headmaster, Sarvodaya High-school, Bengaluru
Sri H.N.Subbarao,	Headmaster, Sadvidya Highschool, N.S.Road, Mysuru.
Smt S.S. Thara,	Headmistress, Govt. High School, Mavattur, K.R. Nagar taluk, Mysuru Dist,
Smt Sushma NagarajRao,	High School Teacher, Govt. Higher Primary School, Ramnagar
Sri Shrinath Shastri,	Kannada Ganak Parishat, Chamrajpete, Bengaluru.

High Power Committee

Dr.Kashinath Biradar,	Plot No.7, Gangasiri, Jayanagar, Kalaburgi - 585 105.
Smt. L. Padmavati,	Vice-principal, Empress Girls High-school, Tumkur.
Sri T Gangadharaiah,	Associate Professor, Department of Mathmetics, Govt. women's college, Kolar

Translators

Rizwanulla Khan. R ,	Principal Al-Ameen Urdu DEd College, Kolar-563101.

Chief Advisors

Sri M.P. Madegowda	Managing Director, Karnataka Textbooks Society®, Banashankari 3rd stage, Bengaluru-85.
Smt. M.D. Usha,	Deputy Director ,Karnataka Textbook Society(R.) 6th Cross, Malleshwaram, Bengaluru-560 003

Programme co-ordinator:

Smt. Vijaya Kulkarni,	Asst.Director, Karnataka Textbooks Society®, 6th Cross, Malleshwaram, Bengaluru-560 003

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

S8R4L5

حصّۂ اوّل (Part-I)

فہرست مضامین

نمبر شمارہ	اسباق کے نام	صفحہ نمبر
1	خاکے	1
2	اعداد	18
3	جمع	67
4	تفریق	96
5	ضرب	124

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کمپیوٹر کمپوزنگ: نصیر اسحاق

باب -1

خاکے

Y9X9H7

اس باب کے مطالعہ کے بعد آپ۔۔۔

- کاغذ کے موڑنے / کاٹنے سے بننے والے دوابعادی (2-D) خاکوں کی شناخت کرنا۔
- ضلع، کونہ، وتر کی بنیاد پر 2D خاکوں کے نام بتاؤ گے اوران کی خصوصیات کا موازنہ کرنا۔
- پٹی/ہاتھ سے (3D) سہ ابعادی اشیاء کی تشکیل کرنا۔
- سکّے جوڑ کر سخت ستون اور جوڑیاں جوڑ کر کھوکھلہ ستون بنا کر دوابعاد اور سہ ابعاد میں ربط پیدا کرنا۔
- دئے گئے علاقہ میں بتائی ہوئی شکل کے ٹائلس (Tiles) کو جوڑنا۔
- ہندسی اشکال کے مناسب اور غیر مناسب ٹائلس (Tiles) کو جوڑنا۔
- آسان نمونے / نقوش پڑھنا۔
- نقاط کے مربع میں خطِ مستقیم اور خطِ منحنی کو جوڑتے ہوئے خاکوں کی تشکیل کرنا۔
- ٹیانگرام کے تختیوں کے استعمال سے مختلف خاکوں کی تشکیل کرنا۔


۔۔۔ سیکھ پاؤ گے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

خاکوں کے ساتھ کھیلنا

ایک ہی طرح کے خاکوں کو ایک ہی رنگ بھریئے۔

اشارہ/نوٹ:۔ سرخ = ▲ ، سبز = ● پیلا ▭ = ، نیلا ■ =








@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

درج بالا شکل میں

- سرخ رنگ کے خاکوں کو _____ کہتے ہیں۔
- سبز رنگ کے خاکوں کو _____ کہتے ہیں۔
- پیلے رنگ کے خاکوں کو _____ کہتے ہیں۔
- نیلے رنگ کے خاکوں کو _____ کہتے ہیں۔

2 - ابعادی اشکال

مرحلہ 1: مربعی کاغذ لیجئے۔	
مرحلہ 2: دکھائی گئی شکل کی طرح ایک طرف موڑیئے۔	
مرحلہ 3: شکل کی طرح کاغذ کو پکڑیئے۔	
مرحلہ 4: موڑے ہوئے کاغذ کو شکل کی طرح دونوں طرف اوپری سطح سے موڑیئے۔	
مرحلہ 5: موڑے ہوئے کاغذ کو اس طرح پکڑیئے۔	
مرحلہ 6: شکل کی طرح کاغذ کے سامنے والے مثلثی حصّہ کو تھوڑا موڑیئے۔	
مرحلہ 7: موڑے ہوئے حصّہ کو مثلثی شکل کے کاغذ کے اندر ڈالتے ہوئے سیدھا کیجئے۔ اب پرندے کی شکل حاصل ہوگی۔	

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

جانتے ہو میں کون ہوں؟


میں مثلثی شکل میں موجود

3 اضلاع

3 کونے رکھتا ہوں۔

جانتے ہو میں کون ہوں؟


میرا نام _____ ہے۔





@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ذوار بعتہ الاضلاع کے مقابل کونوں کو ملانے کو وتر کہتے ہیں۔



میں ایک ہموار شکل جو




4 اضلاع،

4 کونے،

2 وتر رکھتا ہوں۔ جانتے ہو میں کون ہوں؟

میرا نام _____ ہے۔

ذواربعۃ الاضلاع


			
اضلاع ———	اضلاع ———	اضلاع ———	اضلاع ———
کونے ———	کونے ———	کونے ———	کونے ———
وتر ———	وتر ———	وتر ———	وتر ———

یاد رکھئے


- مثلث: اضلاع=3، کونے=3
- ذواربعۃ الاضلاع: اضلاع=4، کونے=4، وتر=2

سہ ابعادی خاکے

★ درج ذیل تصاویر میں رنگ بھریئے۔




★ نقاط کو جوڑتے ہوئے تصاویر مکمل کیجئے۔ ابعاد کی شناخت کیجئے۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اعداد کو خط مستقیم میں جوڑیئے۔



پٹی کے استعمال سے یا پھر ہاتھ سے درج بالا تصاویر کھینچئے۔

یاد رکھئے: سہ ابعادی خاکوں کی لمبائی، چوڑائی اور بلندی ہوتی ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ٹھوس ستون اور کھوکھلا ستون

آپ کا گھر بنانے کے لئے دیواریں چاہئیے۔ دیواریں بنانے کے لئے کیا ضروری ہے؟ اینٹوں کو ایک کے اوپر ایک جوڑتے ہوئے (مٹی اور سمینٹ کے ملاوٹ کی مدد سے) دیواروں کی تعمیر ہوجاتی ہے۔ دیواریں جیسے جیسے بڑھتی ہیں ویسے ہی بڑے بڑے گھروں کی تعمیر ہوتی ہے۔

سرگرمی: میز پر 25 منکے اور 25 چوڑیاں رکھی ہوئی ہیں۔ انہیں ایک کے اوپر ایک رکھ کر جوڑیئے۔



اس طرح کے اشکال بنتے ہیں

ان اشکال کو کیا کہتے ہیں؟



چوڑیوں کو ایک کے اوپر ایک رکھ کر جوڑیں

سکّوں کو ایک کے اوپر ایک رکھ کر جوڑیں۔

اس طرح سکّے، چوڑیاں کو ایک پر ایک رکھ کر جوڑنے سے سہ ابعادی ستونی خاکے حاصل ہونگے۔

یاد رکھئے:

- سکّوں کا اندرونی حصّہ سخت ہے۔اس لئے ٹھوس ستون حاصل ہوا ہے۔
- چوڑیوں کا اندرونی حصّہ کھوکھلا ہے۔اس لئے کھوکھلا ستون حاصل ہوا ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشق 1.1

1. درج ذیل جدول کو پُر کیجئے۔

خاکے	اضلاع	کونے	وتر
			
			
			

2. درج ذیل میں صحیح (✓) یا غلط (×) کی شناخت کیجئے۔

1) مثلث کے 4 اضلاع ہوتے ہیں۔ [ ]


2) مثلث کے 3 کونے ہوتے ہیں۔ [ ]

3) ذوار بعۃ الاضلاع کے 3 اضلاع ہوتے ہیں۔ [ ]


4) ذوار بعۃ الاضلاع کے 4 کونے ہوتے ہیں۔ [ ]

5) ذوار بعۃ الاضلاع کے وتر نہیں ہوتے۔ [ ]

3. درج ذیل اشکال کو غور کیجئے۔ 2 ابعادی اشکال پر ✓ اور 3 ابعادی اشکال پر × کی نشاندہی کیجئے۔




4. ٹھوس ستون اور کھوکھلا ستون اشکال کے اشیاء دی گئی ہیں ان میں ٹھوس ستونی اشکال کو سرخ رنگ اور کھوکھلا ستونی اشکال کو سبز رنگ بھریئے۔



دھاگے کا پائپ | موم بتی | پلاسٹک کا پائپ | لوہے کی سلاخ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


ٹائلس




عرفہ اور امین عرفان کے نئے گھر جاتے ہیں وہ کمروں میں ذیل کی شکل والے ٹائلس کا مشاہدہ کرتے ہیں ۔ وہاں وقت عرفان کے والد آ کر اُن سے پوچھتے ہیں کہ وہ کیا دیکھ رہے ہیں؟

دونوں نے پوچھا کیا ان ٹائلس کو ہم مختلف طریقوں سے بچھا سکتے ہیں؟ ہاں آپ اپنی خواہش کے مطابق ترتیب دے سکتے ہیں ۔ اور انہوں نے ذیل کی طرح ٹائلس کو ترتیب دیا۔

بچوّ آپ Δ ٹائلس کو کس طرح ترتیب دیں گے؟



امین سے ترتیب دئے گئے ٹائلس




عرفہ سے ترتیب دئے گئے ٹائلس

یاد رکھئے : مختلف اشکال کو ٹائلس کے مختلف طریقوں سے ترتیب دینے پر کئی طرح کے نمونے حاصل ہوں گے۔


@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مناسب اور غیر مناسب ٹائلس

- آپ کے گھر کی دیواروں کے لئے اگر ٹائلس لگانا ہو تو درج ذیل ٹائلس میں سے کس شکل کے ٹائلس مناسب ہوں گے۔



ذیل کے ٹائلس کا مشاہدہ کیجئے۔



© IEB NOT TO BE REPUBLISHED


یاد رکھئے:

ایک ہی شکل کے ٹائلس کو فرش پر بچھایا جاتا ہے وہ بغیر وقفہ کے مکمل ڈھکیں تو ان کے مناسب ٹائلس کہتے ہیں، جب ایک ہی شکل کے ٹائلس کے درمیان فاصلہ ہو یا پھر ایک پر ایک منطبق ہو تو انہیں غیر مناسب ٹائلس کہتے ہیں۔


مشق 1.2

I. ذیل کو نمونے کی طرح مکمل کیجئے۔

i.




ii.




II. مشقی سرگرمی:

نیچے دئے گئے خاکوں کو سخت گتّے میں کاٹئے۔ ہر ایک خاکے کی طرح 10 ٹکڑے تیار کرتے ہوئے جوڑیئے۔ پھر انہیں مناسب ٹائلس اور غیر مناسب ٹائلس کے خاکوں میں درجہ بندی کیجئے۔

اشارہ:۔ مناسب ٹائلس کو سبز رنگ بھریئے۔ غیر مناسب ٹائلس کو سرخ رنگ بھریئے۔






© PTBS NOT TO BE REPUBLISHED

نقشہ (نقوش کی معلومات)

عرفہ اور امین بنگلورو سے اپنے والدین کے ساتھ تاریخی مقام باگل کوٹ کے ریلوے اسٹیشن میں پہنچتے ہیں۔

اسٹیشن میں باگل کوٹ ضلع کا نقشہ دیکھ کر سب سے چھوٹا امین حیرت سے کچھ سوالات پوچھنا ہے۔عرفہ نقشہ دکھا کر اُسے سمجھاتی ہے۔



NOT FOR SALE KTBS PUBLISHED

امین: دی دی ⊙ یہ نشان صرف باگل کوٹ کے پاس ہی کیوں ہے؟

عرفہ: دیکھو امین، یہ باگل کوٹ ضلع کا ضلعی مرکز ہے اسلئے اسے نشان کیا گیا ہے۔

امین: ||||| یہ نشان کیا ظاہر کرتا ہے۔دی دی؟

عرفہ: وہ ریل کا راستہ ظاہر کرتا ہے۔

امین: دی دی، تو پھر باگل کوٹ سے آگے کے اسٹیشن کونسے ہیں؟

عرفہ: دیکھو امین، اس طرف پہلے کلُیدا گڈّا، پھر بادامی ہے۔

امین: یہ ▭ پیلی علامتیں کیا ظاہر کرتی ہیں؟

عرفہ: یہ علامتیں مسافر خانہ ظاہر کرتی ہیں۔ یہاں پر بادامی کے غاروں کے مندر ہیں۔

امین: دی دی، اُسی طرح کے بادامی کے قریب اور کونسے مسافر خانے ہیں؟

عرفہ: بنشنکری مندر، مہا کوٹ، پٹدّ اکلّو، ایہولے وغیرہ۔

امین: دی دی، بادامی سے پٹدّ اکلّو قریب ہے یا ایہولے؟

عرفہ: پٹدّ اکلّو۔

امین: پٹدّ اکلّو، ایہولے سے گذرنے والی یہ ~ نیلے رنگ کی علامت کیا ظاہر کرتی ہے؟

عرفہ: امین یہ ~ ندی کو ظاہر کرتی ہے۔ اس کا نام ملپر بھا ہے۔

امین: اسی طرح سے اوپر ایک اور ندی کی علامت ہے دی دی۔ وہ کونسی ندی ہے؟

عرفہ: وہ کرشنا ندی ہے۔ امین

امین: دی دی، کیا یہ دونوں ندیاں ملتی ہیں؟

عرفہ: دیکھو امین ملتے ہیں۔ اسی کو یہاں نشاندہی کیا گیا ہے جو بسونّا کا مشہور مقام کوڈل سنگم ہے۔

امین: دی دی کیا ہم وہاں جائیں گے؟

عرفہ: ہاں! ہم وہاں جائیں گے۔

امین: کوڈل سنگم کے سب سے قریب شہر کونسا ہے؟

عرفہ: یہ دیکھو یہاں ہے۔ ہنُا گنُڈہ

امین: دی دی تو پھر واپس بس سے بنگلور جانے کے لئے کیا ہمیں باگل کوٹ آنا پڑیگا؟

عرفہ: نہیں امین، ہمیں بنگلور جانے کے لئے قومی راستہ NH-13 ہے۔ اسی راستہ سے ہم بنگلور جائیں گے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشق 1.3

نقشہ پر غور کرتے ہوئے مناسب جواب کا انتخاب کر کے خانہ پُری کیجئے۔

1. ریل کے راستہ سے قریب تر مقام پٹڈ اکلّو یا بادامی کے غار ہیں [ ]
2. قومی راستہ 13 سے دور شہر باگل کوٹ یا بادامی ہے۔ [ ]
3. ملیپر بھاندی سے قریبی مقام بادامی ریلوے اسٹیشن یا ایہولے ہے [ ]

نقاطی شکل

1. نقاط کو جوڑیئے اور پسندیدہ شکل بنایئے۔

مثال: پتنگ




یہ شکل 8 خطِ مستقیم، 1 منحنی خط سے بنی ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

II. نقاط کو جوڑتے ہوئے درج ذیل اشکال بنایئے۔

1) پتّہ 2) ستارہ 3) پھول



شکل 1 میں ☐ خطِ مستقیم ☐ منحنی خطوط ہیں۔

شکل 2 میں ☐ خطِ مستقیم ☐ منحنی خطوط ہیں۔


شکل 3 میں ☐ خطِ مستقیم ☐ منحنی خطوط ہیں۔


یاد رکھئے: خطِ مستقیم اور منحنی خطوط کا استعمال کرتے ہوئے کئی طرح کی شکلیں بنا سکتے ہیں۔

ٹیانگرام

شکلیں انسان کے شوق کو تازہ کرتی ہیں۔قدیم زمانے سے بھی چینی کی کہاوتی شکلیں بہت مشہور ہیں۔ان اشکال کو ٹیانگرام کہتے ہیں۔ٹیانگرام ٹکڑوں کے استعمال سے کئی جانور، پرندے، انسان، اشیاء کو بنانے کے لئے عقل اور سوچ کا استعمال کر کے مناسب تخلیقی کام کئے ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED






سرگرمی: شکل کو ایک سفید کاغذ پر نقش کیجئے۔ جہاں پر خطوط ہیں وہاں کاٹیئے


- چار کونی اشکال کے ٹکڑوں کی تعداد کتنی ہے؟ ☐
- تین کونی اشکال کے ٹکڑوں کی تعداد کتنی ہے؟ ☐
- ایک ہی لمبائی رکھنے والے ٹکڑوں کی تعداد کتنی ہے؟ ☐
- کل ٹکڑوں کی تعداد کتنی ہے؟ ☐

5 ٹکڑوں کے گروہ کی شکل 5 ٹکڑی ٹیانگرام کہلاتی ہے۔

7 ٹکڑوں کے گروہ کی شکل 7 ٹکڑی ٹیانگرام کہلاتی ہے

- 5 ٹکڑوں کا استعمال کرتے ہوئے درج ذیل اشکال بنانے کی کوشش کیجئے۔






@KTBC NOT TO BE REPUBLISHED

مشق 1.4

1) 2اور3 ٹکڑوں کا استعمال کرتے ہوئے خاکے بنائیے۔




تیسرا ٹکڑا مربع ہونا چاہئیے۔

2) 4,3,2,1اور5ویں ٹکڑوں میں کوئی بھی ٹکڑے کا استعمال کرتے ہوئے مختلف خاکے بنائیے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

3) اس شکل میں استعمال کئے گئے ٹکڑوں پر غور کیجئے۔ان سے موازنہ ہونے والے اعداد بتائیے۔



باب-2

اعداد

G9A2D3


اس باب کے مطالعہ کے بعد آپ۔۔۔

- 0 سے 999 تک کے اعداد کو ترتیب وار پڑھنا اور لکھنا۔
- اعداد کو مقامی قیمت کے لحاظ سے توسیع کرتے ہوئے لکھنا۔
- 0 سے 999 تک کسی بھی عدد سے شروع کر کے عدد چھوڑ کر عدد کی گنتی کرنا۔
- 0 سے 999 تک کے اعداد میں کسی تین اعداد یا زیادہ اعداد کو دئے گئے ہوں تو ان میں بڑا اور کم تر اعداد کی شناخت کرنا۔
- دئے گئے اعداد کو بڑھتی ہوئی اور گھٹتی ہوئی ترتیب میں جوڑنا۔
- دئے گئے اعداد کا استعمال کرتے ہوئے سب سے بڑا اور سب سے چھوٹا عدد لکھنا۔
- خطِ عددی پر تین ہندسی اعداد کی شناخت کرنا۔
- خطِ عددی پر تین ہندسی اعداد کی قیمت کی شناخت کرنا۔

۔۔۔سیکھ پاؤ گے۔

آؤ گنتی کریں۔

فاطمہ، اکبر، ظہیر، نازیہ، تسلیم اور نواز بیر اکھٹا کرتے ہیں۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

- سب سے زیادہ اکھٹّا کرنے والی نازیہ کے پاس _____ بیر ہیں۔
- سب سے کم اکھٹّا کرنے والے ظہیر کے پاس _____ بیر ہیں۔
- نواز سے اکھٹّا کئے گئے بیر جتنے ہی فاطمہ کے پاس موجود بیر _____ ہیں۔
- 50 سے زیادہ بیر _____ بچّوں نے اکٹھا کیا ہے۔
- تسلیم _____ بیر اکٹھا کرنے پر 50 ہوتے ہیں۔

کر کے سیکھئے:

کئی تعداد کے اسٹراء  اکھٹّا کیجئے۔ انہیں دس کے گچھّی بنایئے

10 کا 1 گچھّا یعنی دس ہوتے ہیں۔

10 کے 2 گچھّے یعنی بیس ہوتے ہیں۔

10 کے 3 گچھّے یعنی تیس ہوتے ہیں۔

اسی طرح 10 کے 9 گچھّے یعنی نبّے ہوتے ہیں۔

اب 10 کے گچھّوں کو یعنی نبّے کو ایک ایک اسٹراء جمع کرتے ہوئے گنتی کیجئے۔

ایک اکائی + دس کے نو گچھّے

(اکانوے)  = 91

دو اکائیاں + دس کے نو گچھّے

(بانوے)  = 91

تین اکائیاں + دس کے نو گچھّے

(ترینوے)  = 91

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


چار اکائیاں + دس کے نو گچھّے

 = 94 (چورانوے)

پانچ اکائیاں + دس کے نو گچھّے

 = 95 (پچانوے)

چھ اکائیاں + دس کے نو گچھّے

 = 96 (چھیانوے)


سات اکائیاں + دس کے نو گچھّے

 = 97 (ستانوے)

آٹھ اکائیاں + دس کے نو گچھّے

 = 98 (اٹھانوے)

نو اکائیاں + دس کے نو گچھّے

 = 99 (ننانوے)


دس اکائیاں + دس کے نو گچھّے





= **100**

(ایک سو)




© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مقامی قیمت کے جدول میں ایک سو

سینکڑہ	دہائی	اکائی
1	0	0

منکوں کی تختی میں ایک سو:



نوٹ:۔

آئس کریم کاڑیاں، دانے، منکے، گولیاں وغیرہ اشیاء اکھٹا کر کے اسی طرح گنتی کرنا سیکھئے۔

جانئے:۔


- 99 میں 1 جمع کرنے سے 100 حاصل ہوتے ہیں۔
- دس کے 10 گچھے جمع کرنے سے 100 حاصل ہوتے ہیں۔
- 100 تین ہندسی عدد ہے۔
- 100 تین ہندسی سب سے چھوٹا عدد ہے۔
- 100 کے اکائی مقام میں 0، دہائی مقام میں 0 اور سینکڑہ مقام میں 1 ہوتا ہے۔

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

دراوڈ کی صدی

بنگلور کے چنّا سوامی کھیل کے میدان میں کرناٹک اور ممبئی کے ٹیموں کے درمیان ہوئے رنجی کرکٹ کھیل کے منظر پر غور کیجئے۔

کرناٹک ٹیم کے رہنما راھل دراوڈ نے 94 رن بنائے ہیں۔100 رن بنانے کے لئے انہیں کتنے رن درکار ہیں؟



کرکٹ میں 100 رن کو (سنچری) کہتے ہیں۔


راھل دراوڈ سے بنائے گئے رن 94+ ——— = 100 رن

کچھ کھیلوں میں صدی نہ بنائے جا سکے کھلاڑیوں کے رنوں کی تفصیل دی گئی ہے۔انہیں صدی مکمل کرنے کے لئے کتنے رن درکار ہیں؟ سوچ کر لکھئے۔

کھلاڑی	حاصل کئے گئے رن	صدی کو پورا کرنے درکار رن
سچن تنڈولکر	92	
ویریندر سھیواگ	95	
گوتم گمبھیر	98	
سُریش رینا	88	

NOT TO BE PUBLISHED

99 کے بعد



© KTS NOT TO BE REPUBLISHED

• درج ذیل عددی جدول میں 200 سے 299 تک ترتیب وار لکھئے۔

200	201	202					207		209
210			213			216			219
220					225			228	
	231			234			237		
240					245				249
			253			256		258	
260		262							269
	271						277		
		282				286			
	291								299

• درج ذیل عددی جدول میں 300 سے 399 تک ترتیب وار لکھئے۔

300	301								309
310							317		319
								328	
330						336			339
340					345				
	351								
360									
		372						378	
380				384					
390									399

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

• درج ذیل عددی جدول میں 400 سے 499 تک ترتیب وار لکھئے۔

	401	402							
410				414					
						426			429
								438	
	441								
		452							459
			463						
470					475				
						486			489
							497		

• درج ذیل عددی جدول میں 500 سے 599 تک ترتیب وار لکھئے۔

500									
				514					519
520						526			
	531								
			543						
						556			
							567		
				574				578	
		582				586			
	591				595				

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

• درج ذیل عددی جدول میں 600 سے 699 تک ترتیب وار لکھئے۔

600					605				
						616			
				624					
							637		
			643						
650								658	
		662							
	671								679
				684					
		692							

• درج ذیل عددی جدول میں 700 سے 799 تک ترتیب وار لکھئے۔

700				704				708	
	711						717		
								728	
		732							739
							747		
			753						
760						766			
				774					
						786			789
					795				

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

• درج ذیل عددی جدول میں 800 سے 899 تک ترتیب وار لکھئے۔






	801			804					
			813						
820						826			
									839
	841								
					855				
							867		
		872							
				884					
890								898	

• درج ذیل عددی جدول میں 900 سے 999 تک ترتیب وار لکھئے۔








900									
	911								
		922							
			933						
				944					
					955				
						966			
							977		
								988	
									999

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

غور کرتے ہوئے سمجھئے۔

الفاظ میں	اعداد	منکوں کی تختی	تیلیوں کی گچھّے
ایک سو	100		
دوسو	200		
تین سو	300		
چار سو	400		
پانچ سو	500		 

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

		600	چھ سو
		700	سات سو
		800	آٹھ سو
		900	نو سو

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED




پڑھتے ہوئے خانہ پُری کیجئے

100	ایک سو
199	ایک سوننا نوئے
200	
299	
	تین سو
399	
400	
	چار سوننانوے
	پانچ سو
599	
600	
	چھ سوننانوے
	سات سو
799	
800	
	آٹھ سوننانوے
900	نو سو
999	
1000	ایک ہزار

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مدد کیجئے۔

ہاتھی کو کیلوں کے باغ تک پہنچنا ہے۔آپ راستہ میں اعداد کو الفاظ میں لکھ کر ہاتھی کو تالاب تک پہنچنے میں مدد کیجئے۔



107 - ایک سو سات

325 -

666-

459-

840-

914-

733-

578-

282-



©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مدد کیجئے

الفاظ کو اعداد کی صورت میں لکھتے ہوئے، بچھڑے کو اپنی ماں کو ڈھونڈنے میں مدد کیجئے۔



275 دوسو پچہتر

ایک سو ننانوے

تین سو باسٹھ

پانچ سو چھیالیس

آٹھ سو ترپن

نو سو اکاسی

چھ سو چار

سات سو اٹھارہ

چار سو بیس

نو سو



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشق 2.1

I. مناسب اعداد سے خانہ پُری کیجئے۔

1. 99, 100, ___ , ___ , ___ , ___ , ___ , ___, ___, 108
2. 120, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, 130
3. 271, 272, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, 281
4. 395, ___, ___, ___, ___, ___, 401, ___, ___, ___, 405
5. 589, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, 599
6. 697, 698, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, 706
7. 755, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, 765
8. 896, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, 905
9. 467, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, 478
10. 989, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, ___, 999

II. درج ذیل اعداد کو پڑھ کر الفاظ میں لکھئے۔

مثال:۔101=ایک سو ایک

(1 - 213

(2 - 439

(3 - 528

(4 - 646

(5 - 957

(6 - 362

(7 - 774

(8 - 880

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III. اعداد میں لکھئے۔

مثال: ایک سو چھیانوے 196

a. تین سو اڑتالیس

b. دو سو ترا سی

c. پانچ سو ستر ہ

d. آٹھ سو پچیس

e. سات سو چوتیس

f. چھ سو انے اسی

g. نو سو پانچ

h. چار سو پچاس

گلاب کا مجموعہ

اکبر اور سلمہ کے والد نے ایک ایکر زمین میں کئی سو گلاب کے پودے اگائے ہیں ۔ ان میں ہزاروں گلاب کھلے ہیں۔ اکبر اور سلمہ ان کی گنتی کرنا چاہتے ہیں۔



©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ہزاروں تعداد کے پھول ہونے کی وجہ سے گنتی کرنا مشکل ہوگا۔اسی لئے انہوں نے ایک ترکیب نکالی۔


تین طرح کے کارڈ تیار کئے۔

ایک کے دس کارڈ : 1 1 1 1 1 1 1 1 1 1

دس کے دس کارڈ : 10 10 10 10 10 10 10 10 10 10

سو کے دس کارڈ : 100 100 100 100 100 100 100 100 100 100

تین ڈبّے لاکر کارڈوں کو ان ڈبوں میں ڈالے۔



1 کا ڈبّہ 10 کا ڈبّہ 100 کا ڈبّہ

پھر اکبر اور سلمہ نے گلاب کی گنتی شروع کی۔

سلمہ ایک ایک پھول کی گنتی کرنے پر اکبر 1 کا ایک ایک کارڈ اپنے ہاتھ میں پکڑتا گیا۔

1 یعنی ایک پھول۔

1 1 یعنی دو پھول۔

1 1 1 1 1 یعنی ۔۔ پھول۔

1 1 1 1 1 1 1 1 1 1 یعنی ۔۔۔ پھول

اس طرح 1 کے دس کارڈ ہونے پر اکبر ان تمام کو 1 کے ڈبے میں ڈال کر 10 کے ڈبے میں سے ایک کارڈ اپنی جیب میں رکھتا ہے۔

10 = 1 1 1 1 1 1 1 1 1 1

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

باغیچے میں کئی گلاب کے پھول ہونے کی وجہ سے سلمٰی ہر دس پھولوں کی گنتی مکمل کرنے پر اکبر 10 کے ایک ایک کارڈ کو لے کر اپنے جیب میں رکھتا گیا۔

10 10 10 یعنی 30 پھول۔

10 10 10 10 10 1 1 یعنی 52 پھول۔

10 10 10 10 10 10 یعنی ..... پھول۔

10 10 10 10 10 10 10 10 10 1 1 1 1 1 یعنی ..... پھول

اسی طرح 10 کے 10 کارڈ ہونے پر اکبر اُن تمام کو جیب سے نکال کر دس کے ڈبّے میں ڈالتا ہے، 100 کے ڈبے میں سے 100 کا ایک کارڈ لے کر اپنے جیب میں رکھتا ہے۔

100 = 10 10 10 10 10 10 10 10 10 10

پھر سلمٰی ہر 100 پھولوں کی گنتی مکمل کرنے پر، اکبر ایک ایک کارڈ اپنے جیب میں رکھتا گیا۔

100 100 یعنی 200 پھول۔

10 10 100 100 100 یعنی 320 پھول۔

10 10 10 1 1 100 100 100 100 یعنی 432 پھول۔

100 100 100 100 100 یعنی ..... پھول۔

10 10 100 100 100 100 100 100 100 1 یعنی ..... پھول۔

اس طرح اُن دونوں نے گلاب کی پھول کی گنتی جاری رکھا۔

اب آپ ہی سوچیئے کہ اکبر اور سلمٰی سے گنتی کردہ پھول

100 100 100 100 100 100 100 100 100


10 10 10 10 10 10 10 10 10

1 1 1 1 1 1 1 1 1








9 0 0
9 0
9

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1) درجہ ذیل فہرست میں پھولوں کی تعداد کے مساوی کے کارڈ لکھئے۔

پھولوں کی تعداد	کارڈ ، 
54	
139	
262	
371	
457	
506	
623	
710	
800	
999	

2) کارڈ کے مساوی پھولوں کی تعداد لکھئے۔

کارڈ ، 	پھولوں کی تعداد
	72
	
	
	
	466
	
	
	
	
	

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

رقص کا راجا مور کی دُکان



ایک مرتبہ رقص کا راجا مور نے ایک دکان جنگل کے جانوروں کے لئے کھولی اور فروحت کرنا شروع کیا۔لیکن پرچون فروشی نہیں تھی۔

غذائی اشیاء کو اکائیوں، دہائیوں اور سینکڑوں میں ترتیب دیا گیا تھا۔اسی طرح خریدنا ہے۔

ایک بندر کیلے خرید کر بہت خوش ہوتا ہے۔

اب دوسرے جانورں کو غذائی اشیاء خریدنے میں آپ مدد کیجئے۔



اکائی کیلے	10 کے خوشے	100 کے خوشے	خریدے گئے کیلے
5	4	2	245



اکائی پتے	10 کے پلندے	100 پلندے	خریدنے کے لئے پتے
			617



اکائی گاجر	10 کے پلندے	100 کے پلندے	گاجر خریدنے کے لئے
			380




اکائی گنّا	10 کے گھٹے	100 کے گھٹے	گنا خریدنے کے لئے
			900



اکائی آم	10 کی ٹوکری	100 کی ٹوکری	آم خریدنے کے لئے
			109

© KBSE NOT TO BE REPUBLISHED

مورصرف 100 روپئے کے نوٹ 10 روپئے کے نوٹ اور ایک روپیہ کا سکہ لیتا ہے۔ تو ان غذائی اشیاء کو خریدنے کے لئے انہیں کتنی نوٹ، سکّے دینے ہوں گے؟

جانور	دی جانے والی رقم	سینکڑہ	دہائی	اکائی
				
	₹ 185	1	8	5
	₹ 308			
	₹ 190			
	₹ 450			
	₹ 55			

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

یہاں کتنے ہیں؟ گن کر لکھئے

مثال:



7 اکائی منکے



2 دس منکوں کا ہار



1 سو منکوں کا ہار

کُل 127 منکے



— 1 کے سکّے




1 — دس کے نوٹ



— سو کے نوٹ

کُل ₹ ☐

اکائی تلیا —



10 ماچس کی تیلیوں کے گچھّے —



سو ماچس کی تیلیوں کے گچھّے —


کُل ☐ ماچس کی تلیاں



— اکائی دانے




دس دانوں کا گروہ —





— سو دانوں کا گروہ

کُل ☐ دانے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED








اکائی اسٹرا ⟵ دس اسٹرا کے گچھے ⟵ سو اسٹرا کے گچھے

کل ☐ اسٹرا

غور کیجئے: سمجھ کر اعداد لکھئے، منکوں کی تختی کے تصاویر مکمل کیجئے۔


0 اکائی	1 دہائی	3 سینکڑے

310




2 اکائیاں	8 دہائیاں	2 سینکڑے

282




4 اکائیاں	4 دہائیاں	4 سینکڑے

444



8 اکائیاں	6 دہائیاں	1 سینکڑے




3 اکائیاں	5 دہائیاں	7 سینکڑے



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

5 اکائیاں	2 دہائیاں	6 سینکڑے
1 اکائی	0 دہائی	8 سینکڑے
9 اکائیاں	9 دہائیاں	9 سینکڑے



اعداد کو رنگ بھریئے

106	701	508	441	751
291	600	862	333	185
998	150	212	699	265
583	844	797	920	422
359	966	378	626	480



درجِ ذیل اعداد پڑھیئے درج بالا جدول میں شناخت کرتے ہوئے ان کی فہرست پر ظاہر کیا ہوا رنگ بھریئے۔

سبز	نیلا	نارنجی
تین سو اٹھتّر	700+50+1	دو سو بارہ
400 + 20 + 2	آٹھ سو چوالیس	چھ سو
چھ سو ننانوے	300 + 30 + 3	ایک سو چھ
دو سو اکانوے	چار سو اسّی	900 +20
500 + 8	ایک سو پچاس	900 + 60 + 6

©KBS NOT TO BE REPUBLISHED

پیلا	گلابی
دوسو پینسٹھ	چارسو اکتالیس
700+1	900+90+8
سات سو ستانوے	100+80+5
300+50+9	چھ سو چھبیس
آٹھ سو باسٹھ	پانچ سو ترا سی

دوست کی شناخت کیجئے۔ خط کھینچ کر جوڑ لگایئے۔

شناخت کے لئے اشارہ	مثال:
100 سے زیادہ 200 سے کم ہے۔	
100 کے 3 نوٹ کے مساوی ہے۔	
میرا دوست سو سے 4 قدم پیچھے ہے۔	
میرا دوست 269 اور 289 کے درمیان ہے۔	
میرا دوست سو کا پچھلا عدد ہے۔	
میرا دوست ہزار کے بہت قریب ہے۔	













©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشق 2.2

I. دیے گئے اعداد کو مقامی قیمت کے جدول میں لکھیے۔

		سینکڑہ	دہائی	اکائی
1.	186			
2.	420			
3.	613			
4.	241			
5.	768			

		سینکڑہ	دہائی	اکائی
6.	375			
7.	904			
8.	832			
9.	557			
10.	600			

II. دیے گئے مقامی قیمت جدول کو اعداد میں لکھیے۔

	سینکڑہ	دہائی	اکائی	
1.	3	2	0	
2.	1	1	1	
3.	5	3	4	
4.	4	5	5	
5.	6	4	6	

	سینکڑہ	دہائی	اکائی	
6.	7	9	2	
7.	8	0	3	
8.	2	6	7	
9.	9	7	8	
10.	3	0	0	

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III. دیئے گئے مقامی قیمت جدول میں دیئے گئے اعداد کو الفاظ میں لکھئے۔

مثال:

سینکڑہ	دہائی	اکائی
2	6	4

دوسو چونسٹھ

.1

سینکڑہ	دہائی	اکائی
4	2	8

.....

.2

سینکڑہ	دہائی	اکائی
1	3	2

.....

.3

سینکڑہ	دہائی	اکائی
6	5	7

.....

.4

سینکڑہ	دہائی	اکائی
5	4	6

.....

.5

سینکڑہ	دہائی	اکائی
7	8	0

.....

.6

سینکڑہ	دہائی	اکائی
9	7	5

.....

.7

سینکڑہ	دہائی	اکائی
3	1	9

.....

.8

سینکڑہ	دہائی	اکائی
8	9	1

.....

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

الفاظ میں دئے گئے اعداد کو مقامی قیمت کے جدول میں لکھئے:

مثال: آٹھ سو اکیّس

سینکڑہ	دہائی	اکائی
8	2	1

1) چار سو سات

سینکڑہ	دہائی	اکائی

2) ایک سو اٹھاسی

سینکڑہ	دہائی	اکائی

3) پانچ سو پینتیس

سینکڑہ	دہائی	اکائی

4) سات سو ترپن

سینکڑہ	دہائی	اکائی

5) چھ سو ساٹھ

سینکڑہ	دہائی	اکائی

6) دو سو بیس

سینکڑہ	دہائی	اکائی

7) تین سو چوالیس

سینکڑہ	دہائی	اکائی

8) نو سو ننانوے

سینکڑہ	دہائی	اکائی

9) سات سو

سینکڑہ	دہائی	اکائی

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

چھلانگ لگا کر سیکھئے۔



فرقان، آمنہ اور ابوالحسن اپنے پالتو جانور اور پرندوں کے ساتھ فرصت کے وقت کھیلتے ہیں۔ یہاں یہ جانور۔ پرندے مختلف طرح سے چھلانگ لگانے کا اشارہ کر رہے ہیں۔ آپ بھی ان کے ساتھ چھلانگ لگاتے ہوئے سیکھئے۔



ایک قدم آگے کو چھلانگ لگائیے۔

104, 105, 106, 107, 108, 109, 110, 111

ایک قدم پیچھے چھلانگ لگائیے۔



179, 180, 181, 182, 183, 184, 185, 186



دو قدم آگے چھلانگ لگائیے اور مناسب اعداد لکھئے۔

390, 392, 394, ___, ___, 400, ___

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

دو قدم پیچھے کو چھلانگ لگائیے۔



286, ___, ___, ___, 294, 296, 298, 300

ایک وقت میں پانچ قدم آگے کو چھلانگ لگائیے۔



700, 705, 710, ___, ___, ___, ___, 735

ایک وقت میں پانچ قدم پیچھے چھلانگ لگائیے اور مناسب اعداد لکھئے۔



___, ___, ___, ___, ___, 615, 620, 625

ایک وقت میں دس قدم آگے چھلانگ لگائیے اور مناسب اعداد لکھئے۔



470, 480, ___, ___, ___, ___, ___, 540

ایک وقت میں ایک قدم پیچھے چھلانگ لگائیے اور مناسب اعداد لکھئے۔



___, ___, ___, ___, ___, 880, 890, 900

مناسب اعداد سے خانہ پُری کیجئے۔




1. 300, 310, ___, ___, ___, ___, 360, ___
2. 400, 450, ___, ___, ___, ___, ___, 750
3. 800, 798, 796, ___, ___, ___, ___, 786
4. 201, 203, ___, ___, 209, ___, ___, 215
5. 999, 899, ___, ___, ___, ___, ___, 299
6. 675, 680, ___, ___, ___, ___, ___, 710


@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سوچیئے

1. چنٹو نام کا خرگوش کیسے چھت پر جا رہا ہے اور کیسے نیچے اُتر رہا ہے۔ اس کو تیر کے نشان سے ظاہر کرتے ہوئے سیڑھی کے اعداد پڑھ کر جانئے۔




2. ضمیر اور زرینہ ندی کے کنارے کھڑے ہوئے اپنے دوستوں کو ملنے کے لئے 200 ویں پتّھر سے 600 ویں پتّھر تک کیسے چھلانگ لگائیں؟



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

3. چوہے کو تھیلی میں موجود اناج کھانے کی خواہش ہے۔لیکن راستہ کے درمیان اُس کے دُشمن سانپ اور بلّی ہیں۔پھر بھی چوہے کو اناج کھانا ممکن ہوتا ہے۔کیسے؟



اناج کی تھیلی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سانپ کی غذا



190 ویں سیڑھی کے قدم کے پر بیٹھا ہوا سانپ اپنے سامنے موجود دونوں غذا کے لئے انتظار میں ہے۔ انہیں پکڑنے کی ضد سے ہر مرتبہ 5 قدم آگے چھلانگ لگا رہا ہے۔ جان کھونے کے ڈر سے مینڈک ہر مرتبہ صرف 3 قدم آگے کو چھلانگ لگا رہا ہے۔لیکن چوہے سے صرف دو قدم آگے چھلانگ لگانا ممکن ہو رہا ہے۔لیکن 198 ویں مقام میں موجود مینڈک سانپ کی غذا بنتا ہے جب کہ 197 ویں مقام میں موجود چوہا اپنی جان بچا کر بھاگ جاتا ہے۔کیسے؟

آپ ہی سوچیئے ۔سانپ، مینڈک کو کونسے مقام میں پکڑتا ہے؟

اسے تصویر میں دکھائے گئے تیر سے نشاندہی کرتے ہوئے معلوم کیجئے۔

مشق:2.3

I. درج ذیل کے اگلے اعداد لکھئے۔

1. 99, ___
2. 200, ___
3. 350, ___
4. 409, ___
5. 175, ___
6. 630, ___
7. 899, ___
8. 998, ___
9. 799, ___
10. 529, ___

II. درج ذیل کے پچھلے اعداد لکھئے۔

1. ___ , 101
2. ___ , 300
3. ___ , 210
4. ___ , 490
5. ___ , 500
6. ___ , 650
7. ___ , 811
8. ___ , 777
9. ___ , 900
10. ___ , 700

III. درج ذیل کے درمیانی اعداد لکھئے۔

1. 99, ___ , 101
2. 724, ___ , 726
3. 309, ___ , 311
4. 189, ___ , 191
5. 276, ___ , 278
6. 400, ___ , 402
7. 699, ___ , 701
8. 898, ___ , 900
9. 549, ___ , 551
10. 998, ___ , 1000

IV. مثال کی طرح خانہ پُری کیجئے۔

مثال: 100, 105, 110, 115, 120, 125, 130, 135

1. 296, 298, ___ , ___ , ___ , 306, ___ , 310
2. 400, ___ , 420, 430, ___ , ___ , 460, ___ , 480

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

3. 801, ___ , ___ , 804, 805, ___ , ___ , 808

4. 900, 903, ___ , ___ , ___ , ___ , ___ , 921

5. 640, 660, ___ , ___ , ___ , ___ , ___ , 780

V. مثال کی طرح خانہ پُری کیجئے۔

مثال 200, 198, 196, 194, 192, 190, 188, 186

1. 300, 295, ___ , ___ , ___ , ___ , ___ , 265

2. 500, 450, 400, ___ , ___ , ___ , ___ , 150


3. 800, 790, ___ , ___ , ___ , ___ , ___ , 730

4. 990, 970, 950, ___ , ___ , ___ , ___ , 850

5. 790, 789, ___ , ___ , ___ , ___ , ___ , 783

بڑے عدد والا جانور کون ہے؟

کس کے پاس موجود عدد بڑا ہے؟ ہاتھی اور ہرن میں بحث شروع ہوتی ہے۔ اسی وقت خرگوش پہنچتا ہے۔ آپ دونوں سے بڑا عدد میرے پاس ہے'' یہ کہہ کر بحث کو جاری رکھتا ہے۔ تبھی ایک چوہا میں بھی کچھ کم نہیں یہ سوچ کر دوڑ کر آتا ہے اور کہتا ہے میرے پاس موجود عدد ہی سب بڑا ہے۔ آپ کے پاس کے تمام اعداد چھوٹے ہیں۔ چاہئے تو عقلمند لومڑی سے پوچھیں؟



© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ہاتھی، ہرن اور خرگوش تینوں کو چوہے کی بات درست لگتی ہے۔ چاروں لومڑی کے پاس جا کر اپنا مسئلہ پیش کرتے ہیں۔

لومڑی چاروں کی بحث سُن کر یہ فیصلہ سُناتی ہے کہ چوہے کہ پاس موجود عدد ہی بڑا ہے جبکہ ہاتھی کے پاس سب سے چھوٹا عدد موجود ہے۔

کیا لومڑی نے صحیح فیصلہ کیا ہے؟ درج ذیل خالی جگہوں کو پُر کرتے ہوئے لومڑی کے فیصلہ کی جانچ کیجئے۔

1. ہاتھی کے پاس موجود عدد _____ ہرن کے پاس موجود عدد _____
   ان میں بڑا عدد _____
2. ہرن کے پاس موجود عدد _____ خرگوش کے پاس موجود عدد _____
   ان میں بڑا عدد _____
3. خرگوش کے پاس موجود عدد _____ چوہے کہ پاس موجود عدد _____
   ان میں بڑا عدد _____
4. ہرن اور چوہے کے پاس موجود اعداد میں کبیرہ عدد _____
5. ہاتھی اور خرگوش کے پاس موجود اعداد میں صغیرہ عدد _____
6. ہاتھی، ہرن، خرگوش کے پاس موجود اعداد میں کبیرہ عدد (بڑا عدد) _____
7. ہاتھی، ہرن، خرگوش کے پاس موجود اعداد میں صغیرہ عدد
8. ہاتھی، چوہا، خرگوش کے پاس موجود اعداد میں کبیرہ عدد

غور کرتے ہوئے جانیئے:

کیا آپ کو درج بالا سوالات حل کرنا ممکن ہوا؟ اگر ممکن نہیں، کبیرہ۔صغیرہ اعداد کی شناخت کیسے کریں آیئے درج ذیل تفصیلات کو غور کرتے ہوئے جانیئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1. ہاتھی، ہرن، خرگوش اور چوہے کے پاس موجود اعداد کو مقامی قیمت جدول میں لکھئے۔

جانور کا نام	اکائی	دہائی	سینکڑہ
خرگوش	5	2	3
چوہا	5	7	4
ہاتھی	7	5	1
ہرن	3	6	2

سینکڑہ مقام کے اعداد کا موازنہ کیجئے۔

2، 1، 4، 3 ان میں سب سے بڑا ہندسہ - 4

سب سے چھوٹا ہندسہ - 1

اس لئے 325، 475، 157، 263 ان اعداد میں

کبیرہ عدد _____475

صغیرہ عدد _____157

2. درج ذیل جھنڈوں پر لکھے گئے اعداد کو غور کیجئے۔



ان اعداد کو مقامی قیمت کے جدول میں لکھئے۔

سینکڑہ	دہائی	اکائی
5	6	0
5	2	4
5	4	8
5	9	9
5	7	1

@KTDS NOT TO BE REPUBLISHED

یہاں پر سینکڑہ مقام کے تمام ہندسے مساوی ہیں اس لئے دہائی مقام کے ہندسوں کا موازنہ کیجئے۔

6،2،4،9،7 ان میں کبیرہ ہندسہ - 9

صغیرہ ہندسہ - 2

اس لئے 560، 524 ، 548 ، 599 ، 571 ، ان اعداد میں

کبیرہ عدد - 599

صغیرہ عدد - 524

3. درجِ ذیل پتوں پر لکھے گئے اعداد کو غور کیجئے۔



ان اعداد کو مقامی قیمت کے جدول میں لکھئے۔

سینکڑہ	دہائی	اکائی
8	6	7
8	6	1
8	6	4
8	6	5
8	6	3

یہاں پر سینکڑہ مقام کے تمام ہندسے مساوی ہیں۔ اسی طرح دہائی مقام کے ہندسے بھی مساوی ہیں۔ اس لئے اکائی مقام کے ہندسوں کا موازنہ کیجئے۔

7 ، 1، 4 ، 5 ، 3 ان میں کبیرہ ہندسہ - 7

صغیرہ ہندسہ - 1

اس لئے 867، 861 ، 865 ، 863 ان اعداد میں

کبیرہ عدد - 867

صغیرہ عدد - 861

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کسے زیادہ ملے گا؟ کسے کم ملے گا؟

10ویں جماعت کے طلباء نے اس سال امتحان میں حاصل کردہ نشانات کو اپنے ہاتھ میں پکڑ ہوا ہے۔

کسے زیادہ ملے ہیں؟ کسے کم ملے ہیں؟ یہ آپ ہی سوچ کر بتایئے۔



1. سب سے زیادہ نشانات _____
2. سب سے کم نشانات _____
3. دونوں سے حاصل کردہ مساوی نشانات _____
4. لڑکوں میں سب سے زیادہ نشانات _____
5. لڑکیوں میں سب سے زیادہ نشانات _____، _____، _____
6. لڑکوں میں سب سے کم نشانات _____، _____، _____
7. لڑکیوں میں سب سے کم نشانات _____
8. 400 نشانات کے لئے 4 نشانات کم ہیں _____
9. 500 نشانات سے 10 نشانات زیادہ ہیں _____
10. 500 نشانات کے لئے 10 نشانات کم ہیں _____

غور کیجئے: تین ہندسی اعداد کا جب موازنہ کریں تو، پہلے سینکڑہ مقام کے ہندسوں کا موازنہ کریں، اس میں جو بڑا ہوتا ہے اسی ہندسہ کا عدد بڑا۔ اگر سینکڑہ مقام کے ہندسے مساوی ہوں تو۔ دہائی مقام کے ہندسوں کو، دہائی مقام کے ہندسے مساوی ہوں تو اکائی مقام کے ہندسوں کا موازنہ کرتے ہوئے بڑا عدد، چھوٹا عدد شناخت کیجئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بڑھتی ہوئی ترتیب..... گھٹتی ہوئی ترتیب

آپ نے پچھلی جماعت میں ایک ہندسی اور دو ہندسی اعداد کو بڑھتی ہوئی اور گھٹتی ہوئی ترتیب میں لکھنا سیکھا ہے۔ اب تین ہندسی اعداد کو بڑھتی ہوئی ترتیب، گھٹتی ہوئی ترتیب میں لکھنا سیکھیں۔

کر کے دیکھئے۔

999 تک کے اعداد لکھتے ہوئے چھوٹے چھوٹے چٹیاں تیار کیجئے۔ انہیں موڑ کر ایک ڈبّہ میں ڈالئے۔

اب ڈبّہ سے چھ چٹیاں نکالئے۔

آپ سے نکالے گئے اعداد 225، 352، 561، 833، 417، 799 ہوں تو پہلے سینکڑہ مقام کے ہندسے 2، 3، 5، 8، 4، 7 انہیں بڑھتی ہوئی ترتیب میں لکھئے۔

2, 3, 4, 5, 7, 8


اب اعداد کو بڑھتی ہوئی ترتیب میں لکھئے 225, 352, 417, 561, 799, 833

دیئے گئے اعداد میں سب سے چھوٹے عدد سے شروع کر کے سب سے بڑے عدد تک لکھنا ہی بڑھتی ہوئی ترتیب ہے۔

انہیں اعداد کو گھٹتی ہوئی ترتیب میں لکھئے۔ 833, 799, 561, 417, 352, 225

دیئے گئے اعداد میں سب سے بڑے عدد سے شروع کر کے سب سے چھوٹے عدد تک لکھنا ہی گھٹتی ہوئی ترتیب ہے۔

اب آپ درجِ ذیل سیڑھی پر لکھے گئے بڑھتی۔ گھٹتی ترتیب پر غور کرتے ہوئے سمجھ لیجئے۔



NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

آپ ہی کوشش کیجئے:

اب آپ کا دوست ڈبّہ سے چھ چٹیاں نکالے

اسے حاصل ہوئے اعداد 472، 477، 478 ، 475، 476 ، 473 ہوں تو پہلے سینکڑہ مقام کے ہندسوں کو غور کیجئے۔ سبھی اعداد مساوی ہیں۔

پھر دہائی مقام کے ہندسوں کو غور کیجئے۔ سبھی اعداد مساوی ہیں

اس لئے اکائی مقام کے ہندسے 2، 7، 8، 5، 6، 3 ہیں انہیں


گھٹتی ہوئی ترتیب میں لکھئے۔ 8, ___, ___, ___, ___, ___

اعداد کو گھٹتی ہوئی ترتیب میں لکھئے۔ 478, ___, ___, ___, ___, ___

انہیں اعداد کو بڑھتی ہوئی ترتیب میں لکھئے۔ ___ ___, ___, ___, ___, 472,

کر کے خوش ہوئیے۔

تصویر میں جاندار پر کچھ اعداد دیئے گے ہیں۔ اعداد اور جاندار کا موازنہ کیجئے درج ذیل خالی جگہ کو پُر کیجئے۔



اعداد کو بڑھتی ہوئی ترتیب میں لکھئے۔

اعداد کے بڑھتی ہوئی ترتیب کے لحاظ سے جانوروں کے نام لکھئے۔

	→		→		→		→	

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشق: 2.4

I. دیئے گئے اعداد کی جوڑیوں میں بڑے اور چھوٹے عدد کی شناخت کرتے ہوئے لکھئے۔

		بڑا عدد	چھوٹا عدد
مثال: 101، 110	110	110	101
1.	125, 521		
2.	999, 909		
3.	772, 774		
4.	501, 105		
5.	842, 824		

II. دیئے گئے اعداد میں کبیرہ عدد کے نیچے خط کھینچئے۔

مثال : 211, 112, <u>221</u>, 121, 111

1. 811, 801, 810, 809, 812
2. 336, 346, 386, 316, 376
3. 666, 660, 665, 663, 667
4. 740, 770, 780, 710, 720
5. 901, 910, 920, 903, 902

III. دیئے گئے اعداد میں صغیرہ عدد کے نیچے خط کھینچئے۔

مثال : 327, 273, 372, 732, <u>237</u>

1. 416, 406 ,426, 462, 460
2. 700, 500, 200, 300, 400
3. 183, 187, 181, 190, 189
4. 572, 576, 571, 575, 574
5. 236, 216, 246, 276, 256

@KTRS NOT TO BE REPUBLISHED

IV. درج ذیل کو بڑھتی اور گھٹتی ہوئی ترتیب میں لکھئے۔

مثال: 567 ،467 ، 967، 767،267

مثال: بڑھتی ہوئی ترتیب: 267 ،467 ، 567، 767،967

مثال: گھٹتی ہوئی ترتیب: 967 ،767 ، 567، 467،267

1. 477, 873, 783, 580, 986

بڑھتی ہوئی ترتیب:

گھٹتی ہوئی ترتیب :

2. 888, 808, 880, 80, 88

بڑھتی ترتیب:

گھٹتی ترتیب :

3. 415, 428, 409, 472, 447

بڑھتی ترتیب:

گھٹتی ترتیب :

4. 645, 642, 649, 647, 644

گھٹتی ترتیب :

بڑھتی ترتیب:

5. 501, 301, 101, 601, 201

گھٹتی ترتیب :

بڑھتی ترتیب:

6. 701, 770, 707, 77, 777

گھٹتی ترتیب :

بڑھتی ترتیب:

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اعداد کی تشکیل

0	1	2	3	4	5	6	7	8	9

مساوی جسامت کے 10 کارڈ تیار کر کے ڈبے میں ڈالیئے اور مقامی قیمت کا جدول فرش پر یا کاغذ پر تیار کیجئے جیسے دکھایا گیا ہے۔

سینکڑہ	دہائی	اکائی
		1

سرگرمی 1: ڈبہ سے کوئی 3 کارڈ لیجئے مثلاً آپ کے نکالے گئے کارڈ ہیں

7 ، 1 ، 3 بڑے ہندسے کی شناخت کیجئے۔

7 ، 1 ، 3 میں بڑا ہندسہ ہے ۔7

پھر چھوٹے ہندسے کی شناخت کیجئے۔

7 ، 1 ، 3 میں چھوٹا ہندسہ ہے - 1

اب بڑے ہندسے کو سینکڑے مقام میں لکھئے اور چھوٹے ہندسہ کو اکائی مقام میں اور بقیہ ہندسہ کو دہائی مقام میں لکھئے۔

سینکڑہ	دہائی	اکائی
7	3	1

= 731

اب پڑھیئے: سات سو اکتیس

اب آپ کی نوٹ بک میں 731 لکھئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ان کارڈس کو نکالئے اور چھوٹے ہندسی کارڈ کو سینکڑہ مقام میں رکھئے اور بڑے ہندسی کارڈ کو اکائی میں لکھئے۔ بقیہ ہندسہ کو دہائی مقام میں لکھئے۔

سینکڑہ	دہائی	اکائی
1	3	7

= 137

اب پڑھئے ایک سو سائنتیس

اپنی نوٹ بک میں 137 لکھئے۔

جدول کے اعداد کا موازنہ کیجئے۔

731 اور 137 کے درمیان بڑا عدد 731 ہے

چھوٹا عدد 137 ہے۔

لہٰذا، 7، 1، 3 کے استعمال سے بڑا عدد 731 کی تشکیل ہوئی

7، 1، 3 کے استعمال سے چھوٹا عدد 137 کی تشکیل ہوئی

سرگرمی 2: ڈبہ سے 3 کارڈ باہر نکالو

مثلاً آپ کے نکالے گئے کارڈ ہیں۔ 4 9 0

ان ہندسوں کو مقامی قیمت کے جدول میں مختلف طریقوں سے ترتیب دیجئے۔

پڑھئے اور اپنے نوٹ بک میں لکھئے۔

سینکڑہ	دہائی	اکائی
4	9	0
4	0	9
9	4	0
9	0	4
0	4	9
0	9	4

چار سو نوئے

چار سو نو

نو سو چالیس

نو سو چار

انچاس

چورانوے

NOT TO BE REPUBLISHED @KSEEB

اعداد کو پڑھیے اور موازنہ کیجیے

490, 409, 940, 904, 049, 094

پہلے سینکڑہ مقام میں بڑا ہندسہ لکھیے۔

904 اور 940

دہائی مقام میں بڑا ہندسہ کی شناخت کیجیے۔

4 اور 0 کے درمیان بڑا ہندسہ 4 ہے

لہٰذا، 940 اور 904 کے درمیان بڑا عداد 940 ہے ۔

اب سینکڑہ کے مقام میں چھوٹا ہندسہ لکھیے۔

049 اور 094

دہائی مقام میں ہندسوں کی شناخت کیجیے۔

4 اور 9 میں چھوٹا ہندسہ 4 ہے۔ لہٰذا 049 اور 094 میں سب سے چھوٹا عدد 049 ہے

لہٰذا، 9 ، 4 ، 0 کے استعمال سے 940 بڑے عدد کی تشکیل ہوتی ہے۔

9 ، 4 ، 0 کے استعمال 049 چھوٹے عدد کی تشکیل ہوتی ہے۔

مشق: 2.5


I. ذیل کے ہندسوں کی مدد سے بڑا اعداد اور چھوٹے اعداد کی تشکیل کیجیے۔

	ہندسے	بڑا عدد	چھوٹا عدد
مثال:	2, 7 0	720	027
a	9, 1, 5		
b	6, 3, 7		
c	1, 8, 4		
d	5, 6, 0		
e	7, 8, 9		

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

خط عددی

ذیل کے خط عددی کا مشاہدہ کر کے جواب دیجئے۔




1. 140 اور 160 کا درمیانی عدد _____ ہے۔
2. 180 _____ اور _____ کا درمیانی عدد ہے
3. 120 کا اگلا عدد _____ ہے۔
4. 150 کا پچھلا عدد _____ ہے۔
5. 160 کے دائیں جانب _____ عدد ہے۔
6. 110 کے بائیں جانب _____ عدد ہے۔
7. 140، 170 کے _____ جانب ہے۔(دائیں/بائیں)
8. 190، 150 کے _____ جانب ہے۔(دائیں/بائیں)

غور کیجئے: ◀ خطِ عددی ایک خط مستقیم ہے۔

◀ خطِ عددی پر مساوی فاصلہ پر اعدادِ کو ترتیب سے لکھے جاتے ہیں

خط عددی پر دائیں جانب کے کسی بھی نقطہ سے بڑھنے سے عدد کی قیمت بڑھتی جاتی ہے۔

ایک مثال کے ذریعہ سمجھے:




دکھایا گیا شعاع کا نشان کے مطابق کسی بھی عدد کی قیمت دائیں جانب بڑھتی جاتی ہے

خطِ عددی پر 300 عدد کی قیمت دائیں جانب بڑھتی جاتی ہے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

خط عددی پر کسی بھی نقط کے بائیں جانب بڑھنے سے اعداد کی قیمت گھٹتی جاتی ہے۔


غور کیجئے: ذیل کی مثال سے سیکھئے۔



خطِ عددی پر 580 عدد پر بائیں جانب قیمت گھٹتی ہے۔

کوشش کیجئے:

ذیل کے خطِ عددی کا مشاہدہ کر کے جواب دیجئے۔




1. 550 اور 650 کا درمیانی عدد _____ ہے۔
2. 450 _____ اور _____ کے درمیان ہے
3. 650 کا اگلا عدد _____ ہے۔
4. 400 کا پچھلا عدد _____ ہے۔
5. 700، 450 کے _____ جانب ہے (دائیں/بائیں)
6. 500، 850 کے _____ جانب ہے (دائیں/بائیں)

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


مشق: 2.6

درج ذیل عددی کو خطِ عددی پر نشاندہی کر کے خط کھینچئے۔


a) 600




b) 315




c. 702




d. 890



e. 910



2. ذیل کے خطِ عددی کا مشاہدہ کر کے جواب دیجئے۔



a. 428 کے بائیں جانب _____ عدد ہے۔

b. 416 کے دائیں جانب _____ عدد ہے۔

c. 428 اور 436 کے درمیان _____ عدد ہے۔

d. _____ 404 اور _____ عدد کے درمیان ہے۔

e. 412، 428 کے _____ جانب ہے۔

f. 416 اور 436 میں بڑا عدد _____ ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

☆☆☆

باب: 3

جمع

J8F9J2

اس باب کے مطالعہ کے بعد آپ۔۔۔


- تین ہندسی اعداد کو ستونی طریقہ سے لکھ کر، بغیر دہائی اور دہائی کے ساتھ جمع کرنا۔
- تصاویر اور کہانیوں میں ظاہر کئے گئے مختلف مواقع کے مطابق جمع کے مسائل حل کرنا۔
- مقامی قیمت جدول کے استعمال سے جمع کرنا۔
- جمع کے مسائل تیار کرنا۔
- دئے گئے دو اعداد کا مجموعہ 99 سے زائد نہ ہو کر تخمینہ کرنا۔

۔۔۔۔۔سیکھ پاؤ گے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

جمع کا کھیل

ہائے! میں پنکی ہوں۔ یہ میرے مالک کا گھر ہے۔ کتنا بڑا ہے نا؟ اس میں 100 کمرے ہیں۔ کچھ کمروں کو رنگ بھرنا ہے۔




5ویں کمرے کو رنگ کیا ہے۔ پھر 15ویں کمرے کو رنگ کرنا ہے۔ وہاں پہنچنے کے 2 راستے ہیں۔

1. 5ویں کمرے کے بعد ایک ایک کمرے سے گذرتے ہوئے 15ویں کمرے تک پہنچنا ہے۔

مثال: 5، 6، 7، 8، 9، 10، 11، 12، 13، 14، 15 [5+10=15]

2. 5ویں کمرے کے بعد ایک مرتبہ چھلانگ لگانا ہے۔ اس چھلانگ سے میں 10 کمرے آگے پہنچتا ہوں۔ یعنی کہ 15ویں کمرے تک پہنچتا ہوں۔

$5 + 10 = 15$



سوچیئے:

☆15ویں کمرے سے 45ویں کمرے تک پہنچنے کے لئے ___ مرتبہ چھلانگ لگانا ہوگا۔

$15 + \square = 45$




@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اس طرح، 45ویں کمرے سے 66ویں کمرے تک پہنچنے کے لئے پہلے 2 مرتبہ چھلانگ لگا کر ایک کمرہ دائیں جانب جانا چاہیئے۔

$45 + 20 = 65$

$65 + 1 = \boxed{66}$




دوسرے طریقہ سے بھی پہنچ سکتے ہیں۔

پہلے 45ویں کمرے سے ایک کمرہ بائیں جانب جانا چاہیئے۔ پھر 46 کمرے سے 66ویں کمرے تک پہنچنے کے لئے 2 مرتبہ چھلانگ لگانی چاہیئے۔

45 + 1 = 46

46 + 20 = 66



45 سے 66 ویں کمرے تک پہنچنے کے لئے کل کتنے کمروں سے گذرے ہوں گے؟ سوچیئے :

اب آپ ہی کوشش کیجئے اور جوابی عدد کے کمرے کو رنگ بھریئے۔

1. 66+10= _____

2. 73+25= _____


3. 29 کو 9 جمع کرنے پر _____

4. 15 کو 13 جمع کرنے پر _____

5. 30 کو 20 جمع کرنے پر _____

آسان جمع

مثال: فرقان اور آمنہ اپنی والدہ کے ساتھ پھلوں کی دُکان پہنچتے ہیں۔



فرقان: ماں مجھے سنترہ پسند ہے۔

آمنہ: ماں، مجھے تربوز پسند ہے۔

ماں نے فرقان کو 49 روپیوں کے سنترے، آمنہ کو 42 روپیوں کے تربوز دلوائے۔

دُکاندار نے والدہ کو کل کتنے روپئے دینے ہونگے جلد از جلد گنتی کر کے کہا۔

49 یعنی 40 اور 9 ، 42 یعنی 40 اور 2

اس لئے 49 اور 42 ₹ کو جمع کرنے پر کل 91 ₹ ہوئے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مثال:2

$43 + 35 = \square$

$= 40 + 3 + 30 + 5$

$= 40 + 30 + 3 + 5$


$= 70 + 8$

$= 78$



آمنہ

بعد میں بہت آسان ہے



$40 + 30 = 70$

$3 + 5 = 8$

کل 78

فرقان

ایک اور طریقہ سے بھی کر سکتے ہیں۔

مثال:3



$23 + 64 = 20 + 3 + 60 + 4$

$= 80 + 3 + 4$

$= 80 + 7$

$= 87.$

اس طرح آپ بھی کوشش کیجئے۔

$61 + 16 = 60 + \square + 10 + \square$

$= \square + \square + \square$

$= \square + \square$

$= \square$

